دوسرا سمسٹر II Semester | ایم۔ایڈ (ریگولر) M.Ed Regular | جولائی 2022

تعلیم کا سماجی پس منظر

Paper - MMED211CCT : Sociological Perspectives of Education

وقت : Time : 3 Hrs گھنٹے | جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. ’’تعلیم ایک سماجی عمل ہے‘‘ سے کیا مراد ہے؟

ii. تعلیم اور سیاسیات کے مابین کیا رشتہ ہے؟ مع مثال بیان کریں۔

iii. اکلچریشن اور انکلچریشن کے درمیان کیا فرق ہے؟

iv. ثقافت کی منتقلی کو مع مثال بیان کریں۔

v. سماجی تبدیلی کی تعریف بیان کریں۔

vi. سماج ’’سماجی رشتوں کا ایک جال ہے‘‘ یہ کس کا قول ہے؟

vii. ’’پرنسپل آف ایجوکیشنل سوشیالوجی‘‘ کا مصنف کون ہے؟

viii. تعلیم بطور سماجیانہ عمل سے کیا سمجھتے ہیں؟

ix. مجموعی سماجی ترقی سے کیا مراد ہے؟

x. مختلف سماجی گروپ کی فہرست تیار کیجیے۔

حصہ دوم

2. مساوات اور معدلت (Equality and Equity) کو مثال کے ساتھ بیان کریں۔

3. تعلیم اور لاقانونیت پر مدلل گفتگو کیجیے۔

4. معیشت بطور ایک ذیلی سماجی نظام کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

5. سماجی تبدیلی کے تصور کو بیان کیجیے۔

6. Theory of Conflict کے مضمراتی پہلو پر روشنی ڈالیے۔

7. ثقافت کا ارتقا (Evolution of Culture) پر جامع گفتگو کیجیے۔

8. تبدیل پذیر ہندوستانی معاشرہ میں تعلیم کی اہمیت کو مع مثال بیان کریں۔

9. Neo-capitalism and Neo-Liberalism کو تعلیمی پس منظر میں بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10. تعلیم، اس کی خصوصیات اور مختلف مضامین کے درمیان اس کے رشتے پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔

11. تعلیم کے سیاسی اور سماجی نظریات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

12. سماجی تبدیلی کو متاثر کرنے والے مختلف عناصر پر مدلل بحث کیجیے۔

13. مجموعی ترقی میں تعلیم کے کردار پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

14. قومی و معاشرتی تنوع اور ملک کے تعلیمی پس منظر کو تفصیل کے ساتھ قلم بند کیجیے۔

☆☆☆